


آئی جی آئی لائف-WTO
# الحیات تکافل پلان

پاکستان کی پہلی ایکٹو فیملی تکافل

## وائیٹیلٹی گروپ کے بارے میں:

لوگوں کو صحت مند طرز زندگی مہیا کرنے کے عزم کے ساتھ وائیٹیلٹی گروپ اچھے نتائج کے لیے لوگوں کی بہتر صحت پر توجہ مرکوز رکھے ہوئے ہے۔ ہم اسمارٹ ٹیکنالوجی، ڈیٹا، انعامات اور کرداری علوم (Behavioural Sciences) کے ملاپ سے انفرادی افراد اور اداروں میں صحت مند تبدیلی کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ وائیٹیلٹی دنیا بھر میں سمجھدار انشوررز اور مستقبل کی سوچ رکھنے والے آجروں کے ساتھ کامیاب شراکت داری کے ذریعے عالمی نقطہ نظر رکھتی ہے۔ دنیا بھر کے 40 ممالک میں 30 ملین سے زائد لوگ وائیٹیلٹی پروگرام سے منسلک ہیں۔

آج، وائیٹیلٹی پروگرام 40 مارکیٹوں میں 30 ملین سے زائد افراد کی زندگیوں کو متاثر کرتا ہے۔




**دعوی دستبرداری:** یہ آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے پروڈکٹ کے حوالے سے تحریر کیا جا رہا ہے۔ بینک الفلاح لمیٹڈ اس کی کوئی ضمانت نہیں لیتا اور نہ ہی یہ بینک الفلاح کا پروڈکٹ ہے۔ لہذا، آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز وقف فنڈ کے ذریعے بیان کئے گئے خطرات کا ذمہ دار ہے۔ درخواست گزار/ شریک تکافل اس بات کا مکمل اقرار کرتا اور سمجھتا ہے کہ بینک الفلاح آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے لیے کارپوریٹ تکافل ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔ اور کسی بھی صورت میں زندگی پریمیر تکافل پلان، ریگولر زرتعاون پروڈکٹ اور/ یا اس سے پیدا ہونے والا کوئی بھی فائدے یا نقصان سے متعلق آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے کئے گئے اقرار نامے کے تحت اور/ یا نمائندگی کے لیے بینک الفلاح ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا۔ اور فنڈ کی سرمایہ کاری کی کارکردگی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے کسی بھی تنازعات یا کلیم کی صورت میں بینک الفلاح ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا۔ پلان میں شامل زرتعاون مذکورہ بالا سرمایہ کاری فنڈ میں سرمایہ کاری کی گئی ہے اور ضروری نہیں ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی پر اثر انداز ہو۔ یہاں کی جانے والی پیش گوئی ضروری نہیں کہ مستقبل کے فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کے لیے یہ ثابت ہو اور نہ ہی آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز یا بینک الفلاح اس کے لیے ذمہ دار ہونگے۔ تکافل رکنیت سے متعلق تمام کلیم، چارجز اور ادائیگیاں صرف اور صرف آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی انفرادی ذمہ داری ہے۔ تاہم، سروس چارجز اور ٹیکس متعلقہ حکام کے ذریعے بینک کے ''چارجز کے شیڈول'' اور ٹیکس کے قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے۔ آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز آپ کی منتخب کردہ حکمت عملی کے مطابق سرمایہ کاری کرتی ہے اور آپ کی تکافل رکنیت کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت آپ کی منتخب کردہ حکمت عملی کی کارکردگی کی عکاسی کرتی ہے۔ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی آمدنی میں اتار چڑھاؤ یا کمی واقع ہوسکتی ہے اور سرمایہ کاری کے منافع اور اصل پلان کی مدت کی تکمیل یا متوقع پیش کئے گئے منافع کی کوئی ضمانت نہیں ہے اور یہ متوقع اعداد و شمار سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہیں۔ چنانچہ، سرمایہ کاری میں ہونے والا نقصان شریک تکافل کی جانب سے برداشت کیا جائے گا۔


## آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز

ہیڈ آفس: سوٹ نمبر 701-713، ساتویں منزل، دی فورم، G-20، بلاک 9، خیابان جامی کلفٹن، کراچی- 75600، پاکستان۔

UAN : 111-111-711 (92-21+)، ٹیلی فون: 35360040 (92-21+)، فیکس: 35290042 (92-21+)،

ای میل: vitality@igi.com.pk، ویب: www.igilife.com.pk


**اہم اطلاع:** پاکستان میں آئی جی آئی وائیٹیلٹی سروسز آئی جی آئی لائف کی ڈسکوری وائیٹیلٹی پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ شراکت داری میں پیش کی جا رہی ہیں۔
یہ ساؤتھ افریقہ میں مجاز کردہ فنانشل سروسز ہیں اور اس کا رجسٹریشن نمبر 1999/007736/07 ہے۔ شرائط و ضوابط لاگو ہیں۔

"اچھی صحت خوشیوں کی بنیاد تصور کی جاتی ہے"۔ Leigh Hunt

صحت مند رہنے کی اہمیت سے ہم سب واقف ہیں، لیکن ہم میں سے بیشتر کو اس خواہش کے پورا کرنے میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ آئی جی آئی لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز نے آپ کو صحت مند بنانے کے لیے جنوبی افریقہ میں قائم وائٹیلیٹی پروگرام سے منسلک ہوئے ہیں۔ ہمارا الحیات تکافل پلان نہ صرف آپ کے مالی مستقبل کو تحفظ فراہم کرے گا ، بلکہ یہ منظم وائٹیلیٹی پروگرام کے ذریعے آپ کو صحت مند رہنے کی صورت میں انعام دیتا ہے۔

ہم آپ کو دنیا بھر میں موجود 8.9 ملین سے زائد ممبروں کی فہرست میں شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں، جو اپنے آپ کو صحت مند بنانے، اسے بڑھانے اور اپنی زندگی کی حفاظت کے لیے وائٹیلیٹی پروگرام استعمال کرتے ہیں۔

**پراڈکٹ کی وضاحت:** یہ ایک فیملی تکافل پراڈکٹ ہے جو دو بنیادی عناصر یعنی تکافل تحفظ اور سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس پراڈکٹ کی سرمایہ کاری اس فنڈ کی کارکردگی سے مشروط ہے جس میں اس فنڈ کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

## آئی جی آئی لائف-WTO الحیات تکافل پلان

الحیات تکافل پلان ایک بہترین سرمایہ کاری پلان ہے جو کہ وائٹیلیٹی کے صحت پروگرام سے منسلک ہے۔ یہ پلان آپ کو صحت مند زندگی گزارنے کی طرف مائل کرتا ہے اور صحت برقرار رکھنے پر آپ کو پرکشش انعامات بھی پیش کرتا ہے۔

یہ پلان دو بنیادی پہلوؤں پر مشتمل ہے:

**وائٹیلیٹی:** یہ آپ کی موجودہ صحت کی صورت حال کو سمجھتے ہوئے صحت پر توجہ دیتی ہے اور صحت میں بہتری لانے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

**تکافل کوریج:** آپ کی مالی تحفظ کی ضرورت کو پورا کرتا ہے اور سرمایہ کاری مواقع فراہم کرتا ہے۔

## تکافل کیا ہے؟

تکافل باہمی امداد اور تعاون کا قدیم اسلامی تصور ہے۔ جو ایکچوریل سائنس، انڈر رائٹنگ اور جدید سرمایہ کاری کے تصورات پر مبنی ہے اور شریعہ ایڈوائزر کی نگرانی میں روبہ عمل ہے۔ یہ وفات، معذوری یا بیماری کی صورت میں ایک دوسرت سے تعاون کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

## فری لک دورانیہ

اگر آپ شریک تکافل کے دستاویز کی موصولی کی تاریخ سے 14 روز کے فری لُک دورانیہ میں اپنی رکنیت کو منسوخ کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کا زرتعاون مکمل ریفنڈ کر دیا جائے گا۔ ریفنڈ کی رقم میں سے آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے کئے جانے والے آپ کے علاج یا طبی معائنہ سے منسلک اخراجات اگر کوئی ہیں وہ منہا کئے جائیں گے۔



## آئی جی آئی لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز وائٹیلٹی دوسری روایتی فیملی تکافل سے کس طرح مختلف ہے؟

| دیگر روایتی فیملی تکافل | آئی جی آئی لائف-WTO الحیات تکافل پلان |
|---|---|
| ایک جیسی پروڈکٹس (فیملی تکافل رکنیت) | مختلف تکافل پلان + صحت مند اور چست طرزِ زندگی |
| طویل المدت سرمایہ کاری | طویل المدت سرمایہ کاری + ہفتہ وار بنیاد پر ایکٹو لائف اسٹائل کے انعامات + ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد تک کیش بیک* + سالانہ انعامات* |
| شریک تکافل کی فیملی کے مستقبل کا تحفظ | شریک تکافل کی فیملی کے مستقبل کا تحفظ + شریک تکافل کا بہتر صحت مند اور چست طرزِ زندگی |
| موبائل اپلی کیشن صرف رکنیت کی تفصیلات اور عام معلومات فراہم کرتی ہے | Mobile-led حکمت عملی، آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی اپلی کیشن ڈیوائس کے ساتھ منسلک ہے |
| صحت پر توجہ مرکوز نہیں کی جاتی | بذریعہ وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک اسکریننگ اسسمنٹ سے صحت پر توجہ مرکوز رکھی جاتی ہے + وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو + وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ + نان اسموکر ڈیکلریشن (NSD) + وائیٹیلٹی عمر |
| صرف سالانہ لین دین کے سبب آپ کا پروڈکٹ کے ساتھ تعلق واجبی رہتا ہے | ہفتہ وار سرگرمیوں کے سبب، آپ کا تعلق آئی جی آئی لائف کے ساتھ مضبوط سے مضبوط تر رہتا ہے۔ |
| وفات، مرض/جسمانی نقص پر توجہ | صحت مند اور چست و توانا زندگی پر توجہ |

*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

** آپ کو تجویز کیا جاتا ہے کہ ڈیوائس ہمیشہ پہن کر رکھیں لیکن آپ کا موبائل بھی آپ کی جسمانی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھ سکتا ہے، اس کے لیے لازمی ہے کہ آپ کے پاس اینڈرائڈ کی صورت میں ویریبل ڈیوائس ہیلتھ ایپ اور iOS کی صورت میں ہیلتھ ایپ موجود ہو۔ مزید تفصیلات کے لیے 711-111-111 (21-92+) UAN پر رابطہ کریں۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## موبائل فون سے منسلک حکمتِ عملی

یہ پروگرام مہیا کئے گئے/ حاصل کئے گئے اعداد وشمار پر مبنی ہے جو آپ کو اچھی صحت برقرار رکھنے پر انعامات اور فوائد دیتا ہے۔ یہ آپ کو تین اہم نکات پر مبنی صحت مند طرزِ زندگی کے لیے طریقہ کار، معلومات اور حوصلہ افزائی دیتا ہے۔

- اپنی صحت کے بارے میں جانیں
- اپنی صحت بہتر بنائیں
- فوائد سے لطف اندوز ہوں

آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی ایپ ایک بنیادی ایپ ہے جس کے ذریعے آپ اپنی جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے فٹنس کے اہداف حاصل کرتے ہیں اور ان اہداف کے حصول پر انعامات کے حقدار بھی قرار پاتے ہیں۔ آپ آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی ایپ کو اپنے اینڈرائڈ یا iOS موبائل ڈیوائس* پر ڈاؤن لوڈ کر کے اپنا آئی ڈی اور ونڈ وتکافل کوڈ استعمال کرتے ہوئے اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں جو کہ آپ کو تکافل رکنیت حاصل کرنے کے بعد خوش آمدید ای میل میں فراہم کیا جائے گا۔

### 1۔ اپنی صحت کے بارے میں جانیں

- وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک (VHC)
- وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو (VHR)
- وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ (VNA)
- نان اسموکر ڈیکلریشن (NSD)
- وائیٹیلٹی عمر (VA)




### 2۔ اپنی صحت بہتر بنائیں

- فزیکل ایکٹویٹی پوائنٹ حاصل کریں اور ہفتہ وار انعامات حاصل کریں۔
- اپنی صحت کو جاننے کے سیکشن میں وصول ہونے والے پوائنٹس کو مکمل کریں، جسمانی سرگرمیاں پوری کرتے ہوئے ہیلتھ ریخ میں شامل ہوں۔

وائیٹیلٹی ایکٹو پروڈکٹ 4 درجات پر مشتمل ہے۔

- برونز
- سلور
- گولڈ
- پلاٹینم

### 3۔ فوائد سے لطف اندوز ہوں

- ہفتہ وار انعامات / فوائد

ایزی ٹکٹس موبائل ٹاپ اپ
فوڈ پانڈہ

- ماہانہ فوائد

ویریبل ڈیوائس* پر 100 فیصد تک کیش بیک

- سالانہ فوائد

انٹیگریٹڈ فوائد***

*شرائط وضوابط لاگو ہیں ***شرائط وضوابط سے متعلق ''سالانہ فوائد (مکمل فوائد)'' میں درج ہے۔






## اپنی صحت کے بارے میں جانیں

اس حصے 'اپنی صحت کے بارے میں جانیں' کے ذریعے آپ ان خطرات کے بارے میں جان سکتے ہیں جو آپ کی صحت کو لاحق ہیں یا لاحق ہو سکتے ہیں۔

### وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک (VHC)

وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک بچاؤ کے لیے اہم بنیادی صحت کے ٹیسٹ اور اسکریننگ کا ایک سیٹ ہے جیسے باڈی ماس انڈیکس (بی ایم آئی)، بلڈ گلوکوز، بلڈ پریشر اور ٹوٹل کولیسٹرول وغیرہ۔

### وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو (VHR)

وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو جنرل ہیلتھ، سوشل اور لائف اسٹائل کی عادات کا جائزہ لینے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

### وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ (VNA)

وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ سوالنامہ مندرجہ ذیل تین سیکشن پر مبنی ہے۔

- **روزمرہ کا کھانا**

آپ کا زورمرہ کا کھانا کیا ہے اور اس کھانے کی ترتیب کیا ہے؟

- **طرزِ زندگی کا انتخاب**

آپ کے طرزِ زندگی کی کونسی عادات ایسی ہیں جو آپ کے کھانے پینے کے انتخاب پر اثر انداز ہوتی ہیں؟

- **کھانے پینے کی چوائس**

غذائیت اور اجزاء کے لحاظ سے آپ کے کھانے کی ترجیحات کیا ہیں؟

اس سوالنامے کو مکمل پُر کرنے کے بعد، آپ کو اپنے کھانے پینے کی عادات میں بہتر غذائیت کے استعمال سے متعلق مشورے دیئے جائیں گے۔

### نان۔اسموکر ڈیکلریشن (NSD)

نان اسموکر کے پوائنٹس حاصل کرنے کے لیے لازمی ہے کہ آپ شرائط وضوابط میں درج نکات کے مطابق تمبا کو پر مبنی پروڈکٹس کا استعمال نہ کرتے ہوں۔

### Vitality Age (وائیٹیلٹی عمر)

آپ کی وائیٹیلٹی عمر دراصل آپ کی صحت کا مجموعی جائزہ لینے کے بعد واضح کی جائے گی، لازمی نہیں ہے کہ آپ کی وائیٹیلٹی عمر آپ کی طبعی عمر سے مطابقت رکھتی ہو۔

*ٹیسٹ کے اصل نتائج ایپلی کیشن کے ذریعے اپ لوڈ کیے جاتے ہیں۔

## اپنی صحت بہتر بنائیں

یہ حصہ آپ کو جسمانی سرگرمیوں تک رسائی مہیا کرتے ہوئے صحت کو بہتر بنانے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ آپ کی موجودہ طبی صورتحال کے مطابق، آپ کو ہفتہ وار جسمانی سرگرمیوں کے ہدف مہیا کیے جائیں گے اور بعدازاں اُن سرگرمیوں کو پورا کرنے پر آپ کو انعام دیا جائے گا۔*

ہم آپ کو تجویز کرتے ہیں کہ آپ اپنی جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے لیے ایسی ڈیوائس کا انتخاب کریں جس میں پہلے سے پیڈومیٹر اور ہارٹ ریٹ مانیٹر موجود ہوتا ہے۔ براہِ مہربانی آپ صرف اسی ڈیوائس کا انتخاب کریں جس کی نشاندہی شرائط وضوابط میں درج ہے۔




*مزید تفصیلات کے لیے ہمارے UAN 711-111-111 (21-92+) پر رابطہ کریں۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

** آپ کا موبائل ویریبل ڈیوائس ہیلتھ ایپ (جو کہ اینڈرائڈ پر دستیاب ہے) اور ہیلتھ ایپ (جو کہ iOS پر دستیاب ہے) کے ذریعے آپ کی جسمانی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھ سکتا ہے۔



## انعامات سے لطف اندوز ہوں

آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز وائیٹیلٹی ہفتہ وار اور سالانہ انعامات/فوائد کے ذریعے آپ کو ایک صحت مند طرزِ زندگی گزارنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

### • ہفتہ وار انعامات

اپنا ہفتہ وار جسمانی سرگرمی کا ہدف حاصل کریں اور 500 روپے قیمت کا موبائل ٹاپ اپ واؤچر منتخب کریں یا فوڈ پانڈا کا 500 روپے مالیت کے صحت بخش کھانے کا ڈسکاؤنٹ واؤچر حاصل کریں۔

دونوں واؤچرز آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی ایپلی کیشن پر دستیاب ہیں۔

### • ماہانہ انعامات

ویریبل ڈیوائس* پر 100 فیصد تک کا قیمت کی واپسی۔

### • سالانہ انعام (Integrated Benefit)

آپ اپنے وائیٹیلٹی حیثیت کی بنیاد پر ہر تکافل رکنیت کے سال مکمل ہونے پر ایک اضافی مربوط انعام کے حقدار ہوتے ہیں۔ یہ فوائد ہر سال جمع ہوتے ہیں اور تکافل رکنیت کی پانچویں سالگرہ پر آپ کے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع کر دیئے جاتے ہیں۔





*شرائط وضوابط لاگو ہیں

## سالانہ وائیٹیلٹی حیثیت

اپنی صحت کی موجودہ صورتحال جاننے کے لیے آپ وائیٹیلٹی کو چیک کرتے رہیں اور اپنی صحت کو مزید بہتر بنانے کی جانب قدم بڑھائیں۔

آپ جیسے جیسے پوائنٹس حاصل کرتے جائیں گے، آپ بہتر وائیٹیلٹی حیثیت حاصل کرتے جاتے ہیں۔

وائیٹیلٹی ایکٹو پروڈکٹ میں چار درجات ہیں۔





## ہیلتھ اسکریننگ کے ذریعے وائیٹیلٹی پوائنٹس حاصل کریں۔

| | اپنی صحت کے بارے میں جانیں | پوائنٹس | 60+ پر بونس پوائنٹس | پوائنٹس ایلوکیشن کی تعداد | پوائنٹس کی حد (رکنیت کا ہر سال) |
|---|---|---|---|---|---|
| تشخیص | وائیٹلٹی ہیلتھ ریویو | 1,000 | 0 | سالانہ | 1,000 |
| | وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ | 500 | 0 | سالانہ | 500 |
| | نان اسموکر ڈیکلریشن | 1,000 | 0 | سالانہ | 1,000 |
| اسکریننگ اینڈ احتیاطی تدابیر اختیار کرنے پر | وائیٹلٹی ہیلتھ چیک | ہر حصے میں 1,250 صحت مندی کے زمرے میں ہونے کے لیے 2,500 | صحت مندی کے زمرے میں ہونے کے لیے ہر حصے میں 1,250 | سالانہ | 15,000 - under 60<br>20,000 - over 60 |
| مکمل وائیٹیلٹی پوائنٹس | | | | | 17,500 - under 60<br>22,500 - over 60 |

* آپ 2,500 پوائنٹس حاصل کرسکتے ہیں اگر آپ کے وائیٹلٹی صحت کی تشخیص کے ذریعے صحت مندی کے زمرے میں آتے ہوں۔



## جسمانی سرگرمی کے ذریعے وائیٹیلٹی پوائنٹس حاصل کریں





| | دل کی دھڑکن* دورانیہ اور دل کی دھڑکن | حاصل کیے گئے پوائنٹس | 60 سال سے زیادہ عمر والے افراد کے لیے |
|---|---|---|---|
| اعتدال میں (60+) | 20 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 60 سال سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 0 | 50 اضافی پوائنٹس |
| اعتدال | 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 60 سال سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 100 | 50 اضافی پوائنٹس |
| سخت ورزش | 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 70 سال سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 200 | 50 اضافی پوائنٹس |
| | 60 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 60 سال سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 200 | 50 اضافی پوائنٹس |
| زیادہ دورانیہ کی سخت ورزش | 60 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 70 سال سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 300 | 50 اضافی پوائنٹس |
| | 90 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 60 سال سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 300 | 50 اضافی پوائنٹس |





## ویئرایبل ڈیوائس کیش بیک

آپ کے ماہانہ آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی پوائنٹس کا ٹارگٹ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو ہر ماہ کتنی جسمانی سرگرمی کی ضرورت ہے۔ اپنے ماہانہ پوائنس کے ہدف کو حاصل کریں اور پروگرام کے ذریعے ویریبل ڈیوائس پر قابل اطلاق فیصد کیش بیک حاصل کریں۔




آپ 24 ماہ کی مدت میں اپنے ماہانہ جسمانی سرگرمی کے اہداف پورے کرنے کے بعد ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد تک کیش بیک حاصل کرنے کے مجاز ہو سکتے ہیں۔ مذکورہ بالا ڈسکاؤنٹ صرف آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی کے ممبرز کے لیے دستیاب ہے۔ آپ دل کی دھڑکن کو ٹریک کرنے کے لیے اپنی ڈیوائس استعمال کر سکتے ہیں: تاہم، کیش بیک صرف بذریعہ پروگرام خریدی کی ویریبل ڈیوائس پر ہی دستاب ہے۔

# IGIلائف وائیٹلٹی میں کسٹمر کا سفر

علی کو فیملی تکافل کا خاندان کے تحفظ کے ساتھ اچھی صحت پر انعام ملنے کا تصور بہت اچھا لگا۔ اس نے مزید معلومات کے لیے قریبی برانچ وزٹ کی۔

علی نے پلان کے لیے سائن اپ کیا اور اسے ویلکم کٹ موصول ہوئی۔

علی ڈیوائس پر ماہانہ قیمت کی واپسی حاصل کرنا چاہتا ہے اس لیے اس نے بھی ویرایبل ڈیوائس خریدی۔

اس نے IGIلائف وائیٹلیٹی ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کیا ور رجسٹریشن مکمل کی۔ اس نے ویرایبل ڈیوائس وائیٹلیٹی ایپ کے ساتھ منسلک کی تا کہ روزمرہ جسمانی سرگرمیاں مسلسل شمار ہوسکیں۔ جس کے بعد وہ اپنی کم قیمت پر حاصل کی گئی

علی کی شروعات Bronzeلیول سے ہوئی۔

علی نے اپنا آن لائن میڈیکل چیک اپ مکمل کیا اور کچھ پوائنٹس حاصل کیے۔

وائیٹلیٹی ہیلتھ ریویو پوائنٹس 1000

وائیٹلیٹی نیوٹریشن اسسمنٹ کے 500 پوائنٹس۔ اس طرح ٹوٹل 1500 پوائنٹس ہوئے۔

چار اہم حصوں کے لیے وائیٹلیٹی ہیلتھ چیک، ہر حصے کے لیے اس نے 1250 پوائنٹس حاصل کیے یعنی کہ چاروں حصوں کے ملا کر 5000 پوائنٹس ہوئے اور مجموعی ٹوٹل 6500 ہوا۔

چونکہ علی کے تمام نتائج بہترین رینج میں ہیں اس لیے اسے اہم حصے کے لیے 2500 اضافی پوائنٹس دیئے جائیں گے۔ اس طرح اسے صرف چار اہم حصوں پر 10,000 پوائنٹس حاصل ہوئے۔

علی نے VHC سے مجموعی طور پر 15,000 پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں۔ علی کا ابھی تک کے لیے گرینڈ ٹوٹل 16,500 ہو چکا ہے۔

نان اسموکر ڈیکلریشن کے 1,000 پوائنٹس۔ ٹوٹل پوائنٹس 17,500 ہوئے۔

علی نے چونکہ 17,500 پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں اس لیے اس کا لیول Silver ہو چکا ہے۔

نتائج کی بنیاد پر علی کی وائیٹلیٹی عمر 33 سال ہے۔

اب علی ہفتہ وار جسمانی سرگرمیوں کا ہدف حاصل کرتا ہے اور انہیں پورا کرنے کے لیے محنت کرتا ہے۔

علی نے اپنا ہفتہ وار ٹارگٹ پورا کر لیا ہے اور اب اسے اختیار حاصل ہے کہ وہ دستیاب انعامات میں سے اپنے لیے انعام کا انتخاب کرے۔ ایزی ٹکٹ موبائل ٹاپ اپ پر 500 روپے کا واؤچر یا فوڈ پانڈا (500 روپے مالیت کا ڈسکاؤنٹ کوڈ)

علی نے موبائل ٹاپ اپ کے لیے ایزی ٹکٹ کا انتخاب کیا اور اپنے دوست دوستوں اور گھر کے افراد کو فون کرنے کا لطف اٹھاتا ہے۔

دوسرے ہفتے میں بھی علی نے اپنا ٹارگٹ پورا کیا اور اس بار علی نے فوڈ پانڈا کے ڈسکاؤنٹ کوڈ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے صحت مند کھانا انجوائے کیا۔

علی نے اس ماہ کے اختتام تک اپنا ماہانہ ٹارگٹ پورا کر لیا جس پر علی نے ویریبل ڈیوائس پر کیش بیک حاصل کیا۔

علی نے آئندہ 5 ماہ تک اپنا صحت مند طرزِ زندگی برقرار رکھا، جس کے نتیجے میں اس کے مجموعی پوائنٹس بڑھ کر 20,000 ہوگئے اور علی کا لیول GOLD ہوگیا۔

PLATINUMاسٹیٹس کی بنیاد پر، علی نے اپنے زرتعاون کا ایک فیصد سالانہ اضافی فوائد کے طور پر حاصل کیا۔

علی نے 7 کلوگرام وزن میں کمی کا ٹارگٹ پورا کرلیا ہے اور اب اس کی وائیٹلیٹی عمر 30 سال ہوچکی ہے۔

دوسال کے اختتام تک علی نے ہمیشہ اپنے ماہانہ ٹارگٹ پورے کیے ہیں، لہذا اس نے ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد کیش بیک حاصل کیا ہے۔ وہ اب اس پروگرام ذریعے نئی ویریبل ڈیوائس خریدنے کے لیے بھی تیار ہے جس پر وہ 24 مہینوں تک مسلسل کیش بیک حاصل کرتا رہے گا۔

علی کو اپنی IGIلائف وائیٹلیٹی پالیسی کے پانچ سال مکمل ہونے پر، سالانہ اضافی فوائد کا اماؤنٹ حاصل ہوگا جو کہ علی کی ممبر شپ کے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع کرائے جائیں گے۔ اب تک، کیونکہ اس نے ہمیشہ اپنے ٹارگٹس کو پورا کیا ہے اور اس نے 2 سیم سنگ واچز پر کیش بیک بھی حاصل کیا ہے، اب وہ تیسری واچ سے لطف اندوز ہو رہا ہے۔




*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## آئی جی آئی لائف-WTO الحیات تکافل پلان کے لیے سالانہ اضافی فوائد (Integrated Benefit)

آئی جی آئی لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز وائیٹیلٹی کا سالانہ اضافی فائدہ ہر پانچویں سال کے آغاز میں، ایک اضافی رقم (زرتعاون کا %) اس کی شرائط وضوابط کے تحت بطور وائیٹیلٹی اضافی سالانہ فائدہ، تکافل رکن کے اضافی ضمنی اکاؤنٹ (Topup) میں منتقل کر دیا جائے گا۔ اضافی سالانہ فائدہ، جو کہ آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی کی موجودہ کیفیت اور مجموعی زرتکافل کی بنیاد پر سال مکمل ہونے پر واجب الادا ہوتا ہے اور پانچ سال بعد ادا کیا جاتا ہے۔

## مجموعی زرتکافل سے کیا مراد ہے؟

یہ مجموعی زرتکافل دوسرے قابلِ اطلاق فوائد کے، شریک تکافل کی وفات پر واجب الادا ہوتی ہے۔ مجموعی زرتکافل، بنیادی زرتعاون کا حاصل ضرب ہوتا ہے۔ تکافل رکن کو درج ذیل ملٹیپلز پیش کیے جاتے ہیں:

| عمر | مجموعی زرتکافل کا حاصل ضرب* | |
|---|---|---|
| | کم سے کم | زیادہ سے زیادہ |
| 55 سال تک | 5 | 40 |
| 56 سے 60 | 5 | 15 |
| 61 سے زائد | 5 | 5 |

*دعوائے دستبرداری: مذکورہ بالا حاصل ضرب پر شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## سرمایہ کاری کی مالیت سے کیا مراد ہے؟

سرمایہ کاری/اکاؤنٹ کی مالیت سے مراد وہ رقم ہے جو سرمایہ کاری میں لگایا جانا والا حصہ ہے۔ درج ذیل جدول آئی جی آئی لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز وائیٹیلٹی سالانہ اضافی فائدے کی شرح کو ظاہر کرتا ہے:

| مجموعی زرتکافل کا حاصل ضرب | حیثیت | | | |
|---|---|---|---|---|
| | برونز | سلور | گولڈ | پلاٹینم |
| 5 to 10 | 0.0% | 0.0% | 0.0% | 0.0% |
| 11 to 20 | 0.0% | 2.5% | 5.0% | 9.0% |
| 21 اور اس سے زائد | 0.0% | 5.0% | 10.0% | 18.0% |



برونز، سلور، گولڈ اور پلاٹینم کے اعداد وشمار مختلف اہداف اور تشخیصات/سوالناموں کے حصول کے نتیجے میں کسی ممبر کی حاصل کردہ حیثیت کا حوالہ دیتے ہیں، جیسا کہ ہماری شرائط وضوابط کے تحت مقرر کیا گیا ہے۔

### موت پر مربوط فائدہ:

موت کی صورت میں، ڈیتھ بینیفٹ کے علاوہ، ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع شدہ انٹیگریٹڈ بینیفٹ دیا جائے گا۔

### معذوری پر مربوط فائدہ:

مستقل طور پر مکمل معذوری کی صورت میں، معذوری کی تاریخ تک جمع شدہ انٹیگریٹڈ فوائد، اور جو پہلے ہی ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع نہیں ہوتے ہیں، ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع ہو جائیں گے۔

### سرنڈر پر مربوط فائدہ:

مکمل ہتھیار ڈالنے کی صورت میں، انٹیگریٹڈ فوائد سرینڈر کی تاریخ تک جمع ہو جاتے ہیں، اور پہلے ہی ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع نہیں ہوتے ہیں، قابل ادائیگی نہیں ہوگا۔

جزوی ہتھیار ڈالنے کی صورت میں، انٹیگریٹڈ بینیفٹ کو اس 5 سالہ مدت میں ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں جمع کیا جائے گا جس میں جزوی واپسی کی گئی تھی۔

### پختگی پر مربوط فائدہ:

پختگی کے وقت، ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع شدہ انٹیگریٹڈ بینیفٹ قابل ادائیگی ہوگی۔

## پلان کے بنیادی فوائد

آپ کو ضمنی اضافی رقم بطور ٹاپ اپ زرتعاون جمع کروانے کا اختیار حاصل ہوگا، مزید یہ کہ ماہانہ انعامات اور وائیٹیلٹی اضافی فوائد شرائط وضوابط کے تحت اضافی ضمنی اکاؤنٹ میں جمع کرا دیے جائیں گے۔

☆ **وفات کی صورت میں حاصل ہونے والا فائدہ**: وفات کی صورت میں، شریک تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں موجود مالیت یا مجموعی زرتعاون میں سے جو زائد ہو بمعہ ٹاپ اپ اکاؤنٹ کی مجموعی مالیت ادا کی جائے گا۔ جو زیادہ ہو یعنی PIA کی دستیاب قیمت پہلے ادا کی جانی چاہیئے۔ مثال کے طور پر اور اگر یہ ڈھکی ہوئی رقم سے کم ہے تو چھپی ہوئی رقم کے فرق کا توازن اور PIA کی قیمت انفرادی PTF سے قابل ادائیگی ہوگی۔ پلس: ٹاپ اپ اکاؤنٹ کی جمع اکاؤنٹ کی قیمت (اگر کوئی ہے) پلس: ڈبلیو ٹی او کی PTF ممبر شپ کے مطابق زائد (اگر کوئی ہے تو)

☆ **میعاد کی تکمیل پر فائدہ** : شریک تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کا 100 فیصد، بمعہ اضافی زرتعاون کی مجموعی مالیت اور اضافی فوائد کے ساتھ، جو کہ پہلے سے ٹاپ اپ اکاؤنٹ ویلیو کے لیے واجب الادا نہ ہو، تکمیلِ میعاد پر ادا کیا جائے گا۔

☆ **جزوی انخلا**: جزوی واپسی شراکت دار کے اکاؤنٹ ویلیو (PIA) سے ممبر شپ کی میعاد کے دوران کسی بھی وقت محدود شرائط وضوابط کے تحت محدود تعداد میں یونٹوں کو چھڑوا کر حاصل کی جاسکتی ہے۔ نکالی گئی رقم کو مستقل انخلا سمجھا جاتا ہے اور اسے دوبارہ ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جزوی واپسی جزوی واپسی کی رقم سے موت کے فوائد کو کم کر دے گی۔ واپس کرنے کی کم از کم رقم 10,000 روپے ہے بشرطیکہ پی آئی اے اکاؤنٹ میں باقی رقم 50,000 روپے ہے۔

☆ **خودکار دکور کی بحالی**: شراکتوں کو بند کرنے کی صورت میں، ممبر شپ اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک کہ پی آئی اے کی قیمت یا نقد سرنڈر ویلیو، جیسے معاملہ ہو، ماہانہ کٹوتیوں کو پورا کرنے کے لئے کافی ہے۔ انٹیگریٹڈ بینیفٹ 5 سال کی مدت میں ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں جمع کیا جائے گا جس میں شراکت کی ادائیگی ترک کر دی گئی تھی۔ انٹیگریٹڈ فوائد حاصل کرنے کے لئے ممبر کو ممبر شپ سال میں یا پیشگی ادائیگی ایک سال میں ادا کرنا ہوگی۔

☆ **خودکار طریقے سے تکافل رکنیت کا جاری رہنا**: زرتعاون کی ادائیگی نہ کر پانے کی صورت میں، آپ اُس وقت تک ممبر شپ کے اہل ہوں گے جب تک کہ آپ کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) کی مالیت آپ کی ممبر شپ کے لیے ادا کردہ چارجز کی ادائیگی کے لیے کافی ہو۔ اس صورت میں زرتعاون کی عدم ادائیگی پر پانچ سال کی مدت کے لیے اضافی فوائد ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع نہیں کرائیں جائیں گے۔ اضافی فوائد حاصل کرنے کے لیے ممبر کو چاہیے زرتعاون کی ادائیگی وقت پر کرے یا پیشگی ادائیگی کرے۔

## سرپلس کی تقسیم

شریک تکافل وقف (Waqf) کی شرائط وضوابط کے مطابق سرپلس کی شکل میں فنڈ کے حصے کے حقدار ہو سکتے ہیں۔
سرپلس کی تقسیم تکافل پلان کے روایتی فوائد کے علاوہ ہے۔ آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز ہر سال کے اختتام پر بشمول شریعہ ایڈوائزر اور مقررہ تکافل ماہر کے مطلوبہ منظوری کے ساتھ سرپلس (اگر کوئی ہے) کا حساب لگاتے ہیں۔



## کون سے ضمنی اضافی فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں؟

مذکورہ بالا روایتی فوائد کے علاوہ، آپ اس پلان کے تحت کئی اضافی فوائد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ فوائد اور ان کی متعلقہ تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں:

☆ **زرتعاون سے دستبرداری۔معذوری** : زرتعاون سے دستبرداری اضافی ضمنی فوائد کی مدت پوری ہونے تک شریک تکافل کی مستقل معذوری کی صورت میں مستقبل کے لیے زرتعاون سے دستبرادری کی اجازت دیتا ہے۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **اضافی تحفظ کے فائدے ABP**: شریک تکافل کی حادثاتی یا غیر حادثاتی وجوہات کی بنا پر ہونے والی موت پر قابل ادا فوائد کو بڑھاتا ہے۔ بنیادی تکافل رکنیت کے تحت وفات کی صورت میں ادا کئے جانے والے کسی بھی دیگر فوائد کے ساتھ ABP مجموعی زر تکافل کی ادائیگی یکمشت قسط میں کی جائے گی۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **آمدنی کا فائدہ۔وفات**: شریک تکافل کی وفات کے بعد اضافی ضمنی فوائد کی منتخب کردہ میعاد کے اختتام تک ماہانہ آمدنی کا فائدہ فراہم کیا جائے گا۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **آمدنی کا فائدہ۔معذوری** : شریک تکافل کی مستقل کی معذوری کے بعد اضافی ضمنی فوائد کی منتخب کردہ میعاد کے اختتام تک ماہانہ آمدنی کا فائدہ فراہم کیا جائے گا۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **حادثاتی موت کی صورت میں ضمنی فائدہ ADB**: شریک تکافل کی حادثاتی موت کی صورت میں یکمشت رقم کی ادا کرتا ہے۔ حج/عمرے کے ادائیگی کے دوران ہونے والی اموات کی صورت میں ADB فوائد کسی اضافی زرتعاون کے بغیر دوگنا کر دیا جائے گا۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے ادا کیا جائے گا۔

**صحت افزا**: بیماری یا حادثے کی صورت میں مالی تحفظ فراہم کرتا ہے جس سے مریضوں کے اخراجات پورے کرنے میں اسپتال داخل ہوتا ہے۔ یہ فائدہ انفرادی PTF سے قابل ادائیگی ہوگا۔

ہر اختیاری اضافی ضمنی فوائد پر اضافی زرتعاون چارج کیا جائے گا۔

## سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کا انتخاب؟

آپ کو درخواست میں یونٹس کی خریداری کے لیے اپنی مرضی کے مطابق زرتعاون کی مخصوص شرحِ کا اظہار کرتے ہوئے، سرمایہ کاری کی ہر حکمتِ عملی میں، خود اپنی سرمایہ کاری کے ذرائع کے انتخاب کا موقع دیا جائے گا۔ آپ کو درج ذیل ذیلی اکاؤنٹس پیش کیے جائیں گے :

| آئی جی آئی تکافل محتاط فنڈ |
|---|
| فنڈ کی نوعیت: منی مارکیٹ فنڈ- تکافل (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): کم |
| اس فنڈ کی سرمایہ کاری کا مقصد کیپیٹل کو باقی رکھ کر کم اتار چڑھاؤ کے ساتھ مستحکم نفع فراہم کرنا ہے جس کے لیے کم رسک والی قصیر المدت سرمایہ کاری کا سیال پورٹ فولیو ترتیب دیا جاتا ہے۔ |
| شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری : 10 سے 50 فیصد |
| شریعت سے ہم آہنگ منی/انکم مارکیٹ فنڈ: 50 سے 90 فیصد |

| آئی جی آئی تکافل متوازن فنڈ |
|---|
| فنڈ کی نوعیت: متوازن فنڈ - تکافل (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل):اوسط |
| اس حکمتِ عملی کا مقصد معتدل رسک پروفائل اور معتدل تا طویل المدت سرمایہ کاری کے ذریعے طویل المدت کیپیٹل کی بڑھوتری فراہم کرنا ہے، جس کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ایکوٹیز اور فکسڈ انکم والے مواقع کا مرکب پورٹ فولیو ترتیب دیا جاتا ہے۔ اثاثہ جات کا مرکب یہ ہے: |
| شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ : 15 سے 50 فیصد |
| شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری : 50 سے 85 فیصد |

| آئی جی آئی تکافل جارحانہ فنڈ |
|---|
| فنڈ کی نوعیت: جارحانہ فنڈ - تکافل (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): زیادہ |
| اس کا مقصد طویل المدت کیپیٹل بڑھوتری اور مہنگائی سے حفاظت حاصل کرنا ہے۔ یہ ایک ایکوٹی فنڈ ہے جس کے ایک بڑے حصے کی سرمایہ کاری مقامی اسٹاک ایکسچینج کی جاتی ہے۔ اثاثہ جات کا مرکب یہ ہے: |
| شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ : 50 سے 90 فیصد |
| شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری : 10 سے 50 فیصد |



ہر جارحانہ حکمت عملی کے تحت آپ کے پاس سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہوتا ہے جیسا کہ درخواست میں درج کیا گیا ہے۔ شریک تکافل سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں یونٹ خریدنے کے لیے زرتعاون کا جو فیصد مختص کرنا چاہتے ہوں، درخواست میں لازمی درج کیا جانا چاہیے۔

آپ اپنی ضروریات اور ترجیحات کے پیشِ نظر دستیاب سہولیات میں سے اپنی سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کی ترتیب منتخب کرتے ہوئے خود اپنی سرمایہ کاریوں کو منظم رکھ سکتے ہیں۔ آپ کو مخصوص شرائط کے تحت ایک سرمایہ کاری اکاؤنٹ سے دوسرے میں منتقلی کا حق بھی حاصل ہوگا۔ براہِ کرم یاد رکھیے کہ سرمایہ کاری کے ممکنہ خطرات شریک تکافل کی جانب سے برداشت کیے جائیں گے اور سرمایہ کاری فنڈ کی مجموعی مالیت متعین کردہ اعداد و شمار سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہیں۔

## یونٹ لنکڈ فنڈ کا اختیار

رکنیت کے اجراء کے وقت یونٹس کی سرمایہ کاری کم رسک والے فنڈ میں کی جائے گی۔ رکنیت کے اجراء کے بعد بغیر کسی اضافی چارجز کے شریک تکافل کو رسک کی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مرضی کے مطابق فنڈ کے انتخاب کا حق حاصل ہے۔ نئے فنڈ کو شریک تکافل کی صوابدید پر مختلف فنڈ کے امتزاج سے تشکیل دیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس امتزاج کا مجموعہ 100% ہو۔

## اہلیت اور رکنیت کی مدت:

مجوزہ شریک تکافل کے داخلے کی کم سے کم عمر 18 سال اور زیادہ سے زیادہ عمر 65 سال ہے۔ رکنیت کی کم از کم میعاد 10 سال ہے جو کہ زیادہ سے زیادہ 85 سال کی حد سے مشروط ہے۔

## کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ زرتعاون کی حدود کیا ہیں؟

نان وائیٹیلیٹی صارفین کیلئے کم سے کم بنیادی زرتعاون 25,000 روپے ہے اور اگر صارف رکنیت کے اندراج کے وقت وائیٹیلیٹی پروگرام کا انتخاب کرتا ہے تو 50,000 روپے بنیادی زرتعاون ہوگا جس کیلئے ادائیگی کا طریقہ ذیل میں دیا گیا ہے

زرتعاون کی رقم روپے میں

| موڈ | وائیٹیلیٹی کے بغیر | وائیٹیلیٹی کے ساتھ |
|---|---|---|
| سالانہ | 25,000 | 50,000 |
| ششماہی | 12,500 | 25,000 |
| سہ ماہی | - | 12,500 |

## یونٹ کی پرائسنگ کا طریقہ کار:

کمپنی کے پاس موجود فنڈز کی مالیت روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ ویلیو کے اعتبار سے لگائی جاتی ہے۔ انڈر رائٹنگ ڈپارٹمنٹ تمام درخواستوں کو طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مکمل کرتا ہے/تکافل رکنیت تیار کرتا ہے۔ یونٹ کی مالیت کے تعین کی ہر تاریخ کو موصول ہونے والا تمام صافی زرتعاون (جو وصول شدہ زرتعاون کلیمز، دستبرداری اور فنڈ کی منتقلی کو ظاہر کرتا ہے) اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کو فراہم کیا جاتا ہے، جو اس تمام زرتعاون کو اُسی دن مجموعی فنڈز کے لیے اسلامک میوچل فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لیے استعمال کرتا ہے۔

یونٹ کی مالیت کے تعین کے دن کے آخر میں مجموعی فنڈ کے اثاثہ جات کی صافی ویلیو کا اس وقت تک کی فراہم کردہ میوچل فنڈز کی قیمتوں کے اعتبار سے دوبارہ حساب کیا جاتا ہے۔اس حساب کردہ اثاثہ جات کی صافی ویلیو کو نظر ثانی شدہ بڈ اور آفر (بڈ پرائس کا 105%) پرائس کو جاننے کے لیے مجموعی فنڈ میں موجود یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔میوچل فنڈ میں کی جانے والی اضافی سرمایہ کاری کو مجموعی فنڈ کے اضافی یونٹس کی تعداد معلوم کرنے کے لیے (جیسا کہ اوپر حساب کیا گیا ہے) مجموعی فنڈ کے موجودہ یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔مجموعی فنڈ کی قیمتیں، جن کا حساب یونٹس کی مالیت کے تعین کی تاریخ کے اختتام پر میوچل فنڈ کی قیمت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے ان کا اگلی صبح سسٹم میں اندراج کیا جاتا ہے اور تمام ٹرانزیکشنز یعنی تکافل رکنیت کے حصول، دستبرداری اور منتقلی وغیرہ کے لحاظ سے یونٹس کی ایلوکیشن اسی اعتبار سے کی جاتی ہے۔مجموعی فنڈ کی قیمتیں جن کا اندراج سسٹم پر کیا گیا ہے وہ شرکاء تکافل کی آگاہی کے لیے ویب سائٹ پر روزانہ کی بنیاد پر اپڈیٹ کی جاتی ہیں اور تکافل رکنیت کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے فیلڈ فورس کو بھی فراہم کی جاتی ہے۔

## زرتعاون کی شرحِ تخصیص سے کیا مراد ہے؟

آئی جی آئی لائف ڈبلیوٹی او وائٹیلٹی صارفین کو ان کے سرمایہ پر بہترین منافع کیلئے زرتعاون کی بہترین تخصیص کی پیش کش کرتا ہے۔اکاؤنٹ ویلیو میں زرتعاون کی تخصیص کا تناسب مندرجہ ذیل ہے

### زرتعاون کی تخصیص

| تکافل رکنیت | 1 | 2 | 3 | 4 to 5 | 6 to 10 | 11 تا آگے | Top-Up |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں زرتعاون کی مالیت | 60% | 80% | 95% | 100% | 102% | 103% | 101% |

## وکالہ فیس (ایلوکیشن فیس) کیا ہے؟

آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز الحیات تکافل پلان کے زرتعاون کی شرح کے حساب سے وکالہ فیس کا ٹیبل درجِ ذیل ہے:

| رکنیت کا سال | زرتعاون کی شرح کے اعتبار سے ایلوکیشن فیس |
|---|---|
| 1 | 40 |
| 2 | 20.0 |
| 3 | 5.0 |
| 4 سے 5 | 0.0 |

## اضافی ضمنی زرتعاون

یہ پلان مسلسل زرتعاون کا پلان ہے لیکن شریک تکافل سرمایہ کاری فنڈ (PIA) میں اضافی فنڈز یکمشت اضافی ضمنی زرتعاون جمع کرسکتے ہیں۔یہ اضافی ضمنی زرتعاون کہلائے جانے والے مجموعی زرتعاون کسی بھی وقت بنائے جاسکتے ہیں اور یہ رقم سرمایہ کاری فنڈ (PIA) میں سرمایہ کاری کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ٹاپ اپ زرتعاون کے لیے کم ازکم ادائیگی 50,000 روپے ہے اور زیادہ سے زیادہ پر کوئی حد نہیں۔



## ماہانہ انعام اور وائیٹیلٹی مکمل فوائد

ماہانہ انعام اور وائیٹیلٹی مکمل فوائد کچھ شرائط وضوابط کے تحت ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع ہوجائیں گے۔

## زرتعاون میں سالانہ اضافے کی خصوصیات

اگر اس کا انتخاب کیا جاتا ہے تو، وائٹیلیٹی کی سالانہ ممبرشپ کا زرتعاون اور بنیادی زرتکافل ہر سال تکافل رکنیت کی سالگرہ کے موقع پر بڑھایا جائے گا۔شریک تکافل زرتعاون میں اضافے کا تحریری طور پر نوٹس دے کر منسوخ بھی کرسکتا ہے اور بغیر اضافے کے زرتعاون کی ادائیگی کرسکتا ہے۔اگر شریک تکافل نے کسی تکافل رکنیت کی سالگرہ پر اضافے کو منسوخ کرتا ہے تو وہ زرتعاون میں سالانہ اضافے کی سہولت سے محروم کردیا جائے گا۔

5 سالہ مدت کے دوران تکافل رکنیت میں زرتعاون میں جمع شدہ اضافے کا حساب اس مدت کے دوران ادا کئے جانے والے کم سے کم زرتعاون کے ذریعے لگایا جائے گا۔

## کیا فری لُک دورانیہ بھی ہے؟

اگر آپ بنیادی تکافل رکنیت کی متعین کردہ تکافل رکنیت دستاویز کے تحت فری لُک دورانیہ میں اپنی وائٹیلیٹی انٹی گریٹڈ ممبرشپ کو منسوخ کرتے ہیں، تو آپ کی وائٹیلیٹی ایکٹو ممبرشپ منسوخ کردی جائے گی۔اگر رکن فرد نے فری لُک دورانیے کے دوران، کوئی بھی فعال فوائد (ایکٹیو ریوارڈز) حاصل کئے ہوں یا نہ کئے ہوں، ایک ماہ کی وائیٹیلٹی فیس واپس کردی جائے گی۔

## کیا میں کسی بھی وقت اپنی وائیٹیلٹی فعال رکنیت کو منسوخ کرسکتا/سکتی ہوں؟

آپ کسی بھی وقت اپنی وائیٹیلٹی فعال رکنیت کو منسوخ کرسکتے ہیں، تاہم ایک بار رکنیت منسوخ ہونے کے بعد، آپ کو وائیٹیلٹی کی رکنیت میں دوبارہ شریک ہونا پڑے گا۔

## کیا میں اپنی تکافل رکنیت سے کسی بھی وقت دستبردار ہوسکتا/سکتی ہوں؟

آپ کی تکافل رکنیت جاری رہنے کے بعد آپ کسی بھی وقت اپنی سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں موجود تمام یونٹس کو واپس لینے کا حق رکھتے ہیں۔اس صورت میں، یونٹس کو بولی کے نرخ پر کیش کیا جائے گا اور رکنیت معطل ہوجائے گی۔دستبرداری کی صورت میں دستبرداری کی انتظامی فیس چارج کی جائے گی۔وائیٹیلٹی انٹی گریٹڈ رکنیت سے مکمل دستبرداری کی صورت میں، جمع شدہ فائدے دستبرداری کی تاریخ تک حاصل کئے جاسکتے ہیں، اور پہلے سے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع نہ کرائی جانے والی رقم قابل ادا نہیں ہوگی۔

## کیا میں اپنی تکافل رکنیت سے رقم نکال سکتی یا سکتا ہوں؟

سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں یونٹس کی محدود تعداد کو کیش کرواتے ہوئے، اکاؤنٹ کی مالیت کو جزوی طور پر نکالا جاسکتا ہے۔نکالی گئی رقم کو مستقل طور پر نکالی گئی رقم تصور کیا جاتا ہے اور اس کی دوبارہ ادائیگی نہیں کرنا ہوتی۔جزوی طور پر نکالی گئی رقم کے باعث، وفات پر حاصل شدہ فائدے میں جزوی نکالی گئی رقم کے مساوی تخفیف ہوسکتی ہے۔ہر جزوی نکالی جانے والی رقم پر انتظامی فیس کا بھی اطلاق ہوگا۔جزوی دستبرداری کی صورت میں، وائیٹیلٹی کا سالانہ فائدہ اُس پانچ سالہ میعاد میں ادا نہیں کیا جائے گا۔

جزوی دستبرداری سے رقم نکالنے کی صورت میں وفات کے فائدے کم ہوجاتے ہیں۔

مثال کے طور پر:

| سال | ہر سال کے اختتام پر وائیٹیلٹی حیثیت | 5 سال کے دوران جزوی دستبرداری | وائیٹیلٹی کا سالانہ فائدہ ہر 5 سال کے لیے |
|---|---|---|---|
| 1 - 5 | سلور | ہاں | نہیں |
| 6 - 10 | سلور | نہیں | ہاں |

## اس پلان کی فیس اور چارجز کیا ہیں؟

| | |
|---|---|
| بڈ/آفر اسپریڈ | PIA یونٹس خریدنے پر رقم کا 5% |
| وکالتہ الاستثمار فیس | شریک تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) کا 0.125% ہر ماہ شروع میں ماہانہ وصول کی جاتی ہے |
| مضارب کا حصہ | تکافل فنڈ (PTF) کی سرمایہ کاری میں ہونے والے نفع کا 40% (اگر کوئی ہے) |
| زرتکافل میں تکافل آپریٹرز کی انتظامی فیس | ہر ماہ زرتکافل کا 45% (تبرع یا COI) |
| انتظامی فیس (زرتعاون) | فی تکافل رکنیت پر ماہانہ 225 روپے |
| وائیٹیلٹی فیس | *320 روپے ماہانہ فی فرد |
| سرینڈر چارجز (سالانہ) | کوئی نہیں |
| فنڈ تبدیلی فیس | کوئی نہیں |
| پروسیسنگ فیس | کوئی نہیں |

* فیملی تکافل کی صوابدید پر وقتاً فوقتاً وائیٹیلٹی فیس لاگو ہوگی۔



## فوائد کا خاکہ

مندرجہ ذیل خاکہ ایک 35 سالہ فرد کی سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت کو ظاہر کرتا ہے۔ سالانہ بنیادی زرتعاون 250,000 روپے سالانہ ہے جبکہ زرتعاون کی ادائیگی کی مدت 20 سال ہے جبکہ مجموعی زرتکافل کا حاصل ضرب 21 اور مجموعی زرتکافل 5,250,000 ہے۔

### یونٹ شرح نمو 6 فیصد

| | | برونز | | سلور | | گولڈ | | پلیٹنم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | بنیادی کیش ویلیو |
| 5 | 1,064,961 | 5,250,000 | 1,064,961 | 5,312,500 | 1,127,461 | 5,375,000 | 1,189,961 | 5,475,000 | 1,289,961 |
| 10 | 2,591,661 | 5,250,000 | 2,591,661 | 5,390,092 | 2,731,753 | 5,530,184 | 2,871,845 | 5,754,331 | 3,095,992 |
| 15 | 4,512,450 | 5,250,000 | 4,512,450 | 5,486,420 | 4,748,871 | 5,722,841 | 4,985,291 | 6,101,113 | 5,363,563 |
| 20 | 6,935,174 | 6,935,174 | 6,935,174 | 7,291,183 | 7,291,183 | 7,647,192 | 7,647,192 | 8,216,806 | 8,216,806 |

### یونٹ شرح نمو 10 فیصد

| | | برونز | | سلور | | گولڈ | | پلیٹنم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | بنیادی کیش ویلیو |
| 5 | 1,186,782 | 5,250,000 | 1,186,782 | 5,312,500 | 1,249,282 | 5,375,000 | 1,311,782 | 5,475,000 | 1,411,782 |
| 10 | 3,207,995 | 5,250,000 | 3,207,995 | 5,405,879 | 3,363,874 | 5,561,759 | 3,519,754 | 5,811,166 | 3,769,161 |
| 15 | 6,280,024 | 6,280,024 | 6,280,024 | 6,575,419 | 6,575,419 | 6,870,813 | 6,870,813 | 7,343,445 | 7,343,445 |
| 20 | 10,884,633 | 10,884,633 | 10,884,633 | 11,388,474 | 11,388,474 | 11,892,314 | 11,892,314 | 12,698,459 | 12,698,459 |

### یونٹ شرح نمو 13 فیصد

| | | برونز | | سلور | | گولڈ | | پلیٹنم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | بنیادی کیش ویلیو |
| 5 | 1,285,938 | 5,250,000 | 1,285,938 | 5,312,500 | 1,348,438 | 5,375,000 | 1,410,938 | 5,475,000 | 1,510,938 |
| 10 | 3,769,524 | 5,250,000 | 3,769,524 | 5,419,327 | 3,938,851 | 5,588,653 | 4,108,178 | 5,859,576 | 4,379,100 |
| 15 | 8,078,793 | 8,078,793 | 8,078,793 | 8,430,711 | 8,430,711 | 8,782,629 | 8,782,629 | 9,345,697 | 9,345,697 |
| 20 | 15,445,786 | 15,445,786 | 15,445,786 | 16,109,793 | 16,109,793 | 16,773,801 | 16,773,801 | 17,836,212 | 17,836,212 |

دعوی دستبرداری: برائے مہربانی نوٹ کرلیں خاکے میں دکھائی جانے والی تمام رقوم محض ایک تخمینہ ہیں اور اس کی کوئی گارنٹی نہیں ہے۔

## آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے بارے میں

آئی جی آئی لائف پیکجز گروپ کا رکن ہے اور سال 1953 سے پاکستان میں انشورنس کے شعبے سے وابستہ ہے۔ آئی جی آئی لائف پاکستانی مارکیٹ میں انشورنس سروسز مہیا کرنے والی اولین کمپنیوں میں شامل ایک معتبر نام ہے۔ کمپنی کا قیام امریکن لائف انشورنس کمپنی (پاکستان) لمیٹڈ (میٹ لائف الیکو) کے حصول کے ساتھ سال 2014 میں عمل میں آیا۔ کمپنی کے حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (سابقہ کراچی اسٹاک ایکسچینج) میں بھی لسٹڈ ہیں۔ آئی جی آئی پیکجز گروپ کے تجربے کے ساتھ مشہور کاروباری اداروں میں سے ایک ہے جس کے FMCG، دواساز اور پیکیجنگ سیکٹر میں معروف برانڈز کے ساتھ مشترکہ منصوبے ہیں۔

آئی جی آئی کے موجودہ پروڈکٹس میں انفرادی تکافل، گروپ میڈیکل اور حادثے اور بیماری کی صورت میں مختلف سہولیات شامل ہیں۔ آئی جی آئی لائف ان چند کمپنیوں میں سے بھی ہے جنہوں نے 2015 میں ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت فیملی تکافل کا آغاز کیا، جو اپنے شرکاء کو شرعی اصولوں کے مطابق تکافل کی سہولیات مہیا کرتا ہے۔



# کلیم کیسے داخل کیا جائے

## کلیم داخل کرنے کا طریقہ

کلیم کو داخل کرنے کا ہمارا طریقہ کار انتہائی آسان اور کسی رکاوٹ سے آزاد ہے۔ اس سلسلے میں مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے پالیسی کلیم کو داخل کرتے ہوئے مکمل معاونت حاصل کرنے کے لئے ہماری کسٹمر سروسز ٹیم سے services.life@IGI.COM.PK پر رابطہ کریں۔

ذیل میں مرحلہ وار طریقہ کار دیا جارہا ہے جس پر عمل کر کے آپ اپنا کلیم داخل کر سکتے ہیں۔

### پہلا مرحلہ — تحریری اطلاع

کلیم آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی ویب سائیٹ آن لائن کلیم انٹی میشن پر جا کر دی گئی معلومات فراہم کر کے بغیر کسی تاخیر کے براہ راست داخل کیا جا سکتا ہے جسے کلیم ڈیپارٹمنٹ کو فوری طور پر بھیج دیا جاتا ہے

http://igilife.com.pk/claim-intimation/

پالیسی کے تحت فوائد حاصل کرنے کے لئے کوئی بھی کلیم پالیسی کے مالک/ دعویٰ کنندہ (جیسی بھی صورت ہو)، کی جانب سے اس کے دستخط کے ساتھ تحریری اطلاع جمع کرانے کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ تحریری اطلاع دیتے وقت ہمیشہ وقوعہ کی تاریخ، واقعہ کی وجہ اور دعویٰ کنندہ کا موجودہ پتہ اور رابطہ نمبر ضرور درج کریں۔

کلیم نقصان کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر داخل کیا جانا چاہیے

### دوسرا مرحلہ — کلیم فارم کے ساتھ متعلقہ دستاویزات مکمل کریں

وقوعہ کی اطلاع دینے پر آئی جی آئی لائف نقصان کا ثبوت داخل کرنے کے لئے متعلقہ فارمز فراہم کردے گا۔ جن کا انحصار واقعہ کی نوعیت پر ہوگا۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ، رکنیت کے اصل کاغذات، شریک تکافل اور نامزد شریک تکافل کے شناختی کارڈ، ہسپتال ریکارڈ، پولیس رپورٹ اور پوسٹ مارٹم کی پورٹ (صرف حادثہ کی صورت میں) یا آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف طلب کردہ دوسرے کاغذات کلیمز فارمز کے ساتھ منسلک کئے جائیں گے۔ فارمز ہماری ویب سائیٹ سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

http://igilife.com.pk/investor-relations/claim-forms/

طبی سہولتوں کے کلیمز کے لئے میڈیکل بلوں/ رپورٹس کا انتظام اسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں یا طبی سہولتوں سے متعلق کلیمز کے لئے تمام میڈیکل بل (اصل) اور طبی رپورٹ (نقول)، جو کہ کوالیفائیڈ طبی سہولت دینے والے ڈاکٹر کی طرف سے جاری کی گئی ہو، منسلک کرنا ہوگی۔

توثیق شدہ دستاویزات اصل شکل میں یا کسی سرکاری افسر/ جاری کرنے والی اتھارٹی کی جانب سے مصدقہ نقول کی صورت میں جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ دستاویزات کی اصل کاپی معائنہ کے لئے طلب کی جا سکتی ہے۔

### تیسرا مرحلہ

کلیم فارم کے ساتھ مطلوبہ دستاویز جمع کرائیں

اصل دستاویزات اور فارمز (ہارڈ کاپی) باقاعدہ ہر طرح سے مکمل، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ لازمی طور پر آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ہیڈ آفس کو اس نقصان کے بعد 90 دنوں کے اندر جمع کر دیئے جائیں، جس کے لئے کلیم داخل کیا جارہا ہے۔

### چوتھا مرحلہ — سیٹلمنٹ

کوئی بھی کلیم جتنی جلد ممکن ہو آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے اطمینان کے لئے مکمل کرلیا جائے۔ مکمل دستاویزات کی وصولی کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو کلیم کی ادائیگی کر دی جائے گی۔

### نوٹ

برائے مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ شریک تکافل کی طرف سے کلیم کی صورت میں تمام دستاویزات اور فارمز آپ کی رکنیت کے اصل تجویزی فارم/ سی این آئی سی پر آپ کے دستخط کے مطابق دستخط شدہ ہوں۔